# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## شعبہ قرآن و تفسیر

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: منتخب قرآنی موضوعات کا مطالعہ (1970)　　　سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

### ہدایت نامہ برائے طلباء

بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر: 1 تا 5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ قرآن مجید عقیدۂ توحید کو انسانی زندگی کی بنیاد کیوں قرار دیتا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ عقیدۂ رسالت کی اہمیت قرآن مجید کی روشنی میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قرآن کریم میں آخرت پر ایمان کے انسان کے اخلاق و کردار پر کیا اثرات بیان ہوئے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 4۔ عبادات کا حقیقی مقصد قرآن مجید کی روشنی میں تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسوۂ حسنہ سے مراد کیا ہے؟ نبی کریم ﷺ کی سیرت امت کے لیے کس طرح نمونۂ عمل ہے؟ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر: 6 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ قرآنی شخصیات میں سے کسی ایک شخصیت کے کردار اور اس سے حاصل ہونے والے اسباق پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ ارض القرآن کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے اہم مقاماتِ قرآنی کا تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قرآن کریم نظریۂ تخلیقِ کائنات کو کس انداز میں بیان کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں معاملات اور تدبیرِ منزل کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ توحید، رسالت اور آخرت کے عقائد انسانی معاشرے کی اصلاح میں کس طرح بنیادی کردار ادا کرتے ہیں؟ (20)